رول نمبر: 613677

جماعت دہم FBD-G2-10-20

Objective Paper Code **7028**

# اُردو (لازمی) (حصہ معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ　　کل نمبر: 15

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | شاعر نے فاطمہ کو حور کہا ہے: | صحرائی | ارضی | آسمانی | جنت |
| 2 | فتنہ قیامت کا سلسلہ کس سے ملتا ہے؟ | محبوب کی خوش قامتی سے | خوش ادائی سے | انگڑائی سے | محفل آرائی سے |
| 3 | "چھم چھم" گرامر کی رُو سے کیا ہے؟ | اسم ظرف | اسم صوت | اسم مکبر | اسم جامد |
| 4 | وہ فعل جس سے کسی کام کے کرنے یا ہونے کا حکم معلوم ہو کہلاتا ہے: | فعل مضارع | فعل نہی | فعل امر | فعل معروف |
| 5 | وہ حرف جو دو اسموں یا دو جملوں کو آپس میں ملا دے کہلاتا ہے: | حرف علت | حرف عطف | حرف اضافت | حرف بیان |
| 6 | "اخلاق" کا درست تلفظ ہے: | اِخلاق | اَخلاق | اُخلاق | اِخلاق |
| 7 | "محبوب" کا درست تلفظ ہے: | مِحبُوب | مَحبوب | مَحبُوب | مِحبوب |
| 8 | اکبر کے دور میں دین کی سر بلندی کے لیے کس نے سختیاں جھیلیں؟ | حضرت مجدد الف ثانی | شاہ ولی اللہ | سید احمد بریلوی | شاہ اسمٰعیل شہید |
| 9 | سبق "پرستان کی شہزادی" کس مصنف کی تحریر ہے؟ | شاہد احمد دہلوی | ہاجرہ مسرور | اشرف صبوحی | سجاد حیدر یلدرم |
| 10 | مصنف نے کس دوست کو بھڑ بھڑیا دوست کہا ہے؟ | محمد تحسین | احمد مرزا | قرض خواہ دوست | مقدمے باز دوست |
| 11 | "مُتَّقِی" کس کی تحریر ہے؟ | خدیجہ مسرور | ہاجرہ مسرور | سجاد حیدر یلدرم | اشرف صبوحی |
| 12 | مولوی عبدالحق نے انسان کی فطری کمزوری کی بنا پر اسے کہا ہے: | کاہل اور نکما | نکما اور کام چور | کاہل اور کام چور | دلیر مگر ست |
| 13 | حکومت نے علی بخش کو کتنی زمین الاٹ کی؟ | آدھا مربع | ایک مربع | دو مربعے | تین مربعے |
| 14 | سبق "استنبول" کس کی تحریر ہے؟ | اختر ریاض الدین | حکیم محمد سعید | قدرت اللہ شہاب | شفیع عقیل |
| 15 | نظم "میدان کربلا میں گرمی کی شدت" صنف سخن کے لحاظ سے کیا ہے؟ | آزاد نظم | قصیدہ | شہر آشوب | مرثیہ |

502-X120-83000

ParhloPakistan.com

رول نمبر:....................

جماعت دہم

# اُردو (لازمی) (حصہ انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:10 گھنٹے　　کل نمبر: 60

FBD-G2-10-20

## (حصہ اوّل)

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے: 10

(حصہ نظم)

| | | |
|---|---|---|
| (i) | ہے کوئی ، ہنگامہ تیری تربتِ خاموش میں | پل رہی ہے ایک قوم تازہ اس آغوش میں |
| (ii) | دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر | دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر |
| (iii) | میاں شُتر نئی گاڑی لیے سفر کو چلے | مجھے خوشی ہے کہ تم آگئے پہاڑ تلے |
| (iv) | مینہ برس جائے تو چل سکتی ہیں اس پر کشتیاں | ڈوب جانے کا بھی ہو جاتا ہے اکثر احتمال |

(حصہ غزل)

| | | |
|---|---|---|
| (v) | میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا | گنہ گار ہوں ، اک خطا ہو گئی ہے |
| (vi) | یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق | مگر اے دوست ، کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں |
| (vii) | تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے | ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں |

## (حصہ دوئم)

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 05,05

(i) "اگر اپنی خیر چاہتے ہو تو مرزا صاحب کو منا کر لاؤ۔" اس کو معلوم نہیں تھا کہ مرزا صاحب پطرس کے استاد ہیں۔ حسبِ دستور اپنی کارروائی دکھانے کے لیے اس نے اُن کے سودے میں سے دو ایک فقرے نکال دیئے تھے۔ ان فقروں کا نکالنا اس کا نوکری سے نکالے جانے کا پیش خیمہ ہو گیا۔

(ii) انگریزوں کے علمی ذوق کی مدح و ستائش بہت کی جاتی ہے۔ مگر خود ولیم راجرز نے اپنی مشہور تصنیف "توپ کا پی" میں یہ گلہ کیا ہے کہ انگریزوں نے بہت سے مسلم اداروں اور خاص طور پر بیت الحکمت کا ذکر تو ضرور کیا ہے لیکن توپ کا پی کو نظر انداز کر دیا۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 10

(i) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟
(ii) کونسی چیز علامہ اقبال کو عید کے چاند کی تصویر کشی پر مجبور کرتی ہے؟
(iii) لڑکی ریل گاڑی میں کیوں سفر کر رہی تھی؟
(iv) علامہ اقبال کے ملازم علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟
(v) اسلام کیسے امن و آشتی کا مذہب ہے؟
(vi) شاعری میں میر انیس کی وجہ شہرت کیا ہے؟
(vii) جوش ملیح آبادی کی خودنوشت کا نام کیا ہے؟
(viii) شاعرہ ادا جعفری نے دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ii) علی بخش 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ (ii) چائے کی ایک دعوت (iii) دیہاتی زندگی 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے: 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیئے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا چین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

سوالات:

(i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟
(ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟
(iii) اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟
(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟
(v) اس عبارت کا عنوان لکھیے۔

502-X120-83000

ParhloPakistan.com